Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۱	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۱ ربیع الاول ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۵ دسمبر ۱۹۱۹ء	نمبر ۵۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ سب ڈویژنل افسر...	۱
۲	رخصت انجینیر صاحب ...	۲
۳	اضافہ منصرم کنہات...	〃
۴	تقرر سید عبد الحکیم صاحب...	〃
۵	رخصت اہلمد آوٹ...	〃
۶	اضافہ جات اہلکاران آوٹ...	〃
۷	نقشہ زنخانہ اجلاس نہیں آیا	

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

حسب استدعا جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ اصطبل بابو راج کشور سب ڈویژنل افسر جنوبی کی تنخواہ موجودہ ساٹھ روپیہ ماہوار میں بیس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔ آئندہ نامبردہ کو اسی روپیہ ماہوار تنخواہ اور بیس روپیہ ماہوار الاونس درج ملا کرے گا ملیگا۔

رخصت

۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ رخصت یکماہ صاحب اگزیکٹو انجنیر کی ۱۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے ۱۵ جنوری سنہ ۱۹۲۰ء تک بوجہ علالت متعلقین منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ نہار محمود الظفر منصرم گہاٹ کی تنخواہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور فرمایا گیا۔ دس روپیہ بھتہ اس سے علاوہ ہے۔ آئندہ نامبردہ کو تیس روپیہ تنخواہ اور دس روپیہ بھتہ جملہ چالیس روپیہ ماہوار ملینگے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

سید عبد الحکیم بشاہرہ چالیس روپیہ ماہوار صیغہ باغات میں مقرر کیے جائیں اور صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر اُنسے صیغہ باغات میں کام لیں۔ یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے عملدرآمد تنخواہ کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بلحاظ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ رخصت مزید تین ماہ منشی محسن الزمان اسسٹنٹ آڈٹ تنخواہ دار بیس روپیہ ماہوار از دفتر توجی بوضع تنخواہ یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے بانتظام مندرجہ تحت منظور ہوئی۔

۱۔ احسان باقی نائب ناظر آڈٹ رخصتی کا کام کرینگے۔ تین روپیہ الاونس تنخواہ رخصتی سے ملیگا۔

۲۔ بجائے احسان باقی نائب ناظر عبد الرحمن خان جمعدار آڈٹ کام کریگا۔ دو روپیہ ماہوار الاونس پائیگا۔

۳۔ عبد الرحمن خان جمعدار کا کام حافظ بشیر احمد چپڑاسی انجام دیگا۔

۴۔ اٹھارہ روپیہ ماہوار بچت رہیگی۔

اضافہ جات

۳ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء

بلاحظہ تحریر ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ۔ اہلکاران آڈٹ مندرجہ تحت کی تنخواہوں میں حسب ذیل یکم دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء سے اضافہ منظور کیا گیا۔

شوکت علیخان نائب پیشکار آڈٹ مشاہرہ دار [illegible] ماہوار [illegible]

عبد اللطیف خان اہلمد چیف آڈٹ مشاہرہ دار [illegible] ماہوار [illegible]

فتح محمد ناظر آڈٹ مشاہرہ دار [illegible] ماہوار [illegible]

غلام ربانی اہلمد آڈٹ مشاہرہ دار [illegible] ماہوار [illegible]

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا